# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ ادب اردو۔I (5601) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے (اردو)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- زبان کی ساخت اور تشکیل کن عوامل اور محرکات کی مرہونِ منت ہے؟ نیز بتائیں کہ اردو زبان کے تشکیلی مراحل کیا ہیں؟ (20)

سوال 2- کیا آپ اردو زبان کے آغاز کے حوالے سے حافظ محمود شیرانی کے پیش کردہ نظریے سے متفق ہیں؟ دلائل سے بات کریں۔ (20)

سوال 3- اردو زبان کی تشکیل اور اس کے فروغ کے ضمن میں صوفیائے کرام کے کردار پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال 4- ڈاکٹر مسعود حسین خان اور ڈاکٹر سہیل بخاری کے نظریات کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 5- ہندوستان میں مسلم اور غیر مسلم اقوام کی آمد نے اردو زبان کی تشکیل پر کیا اثرات مرتب کیے؟ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- اردو زبان و ادب کے فروغ میں بابا فرید گنج شکر اور امیر خسرو کے کلام کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 2- گوجری ادب سے کیا مراد ہے؟ گوجری ادب کا اجمالی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 3- دکن میں بہمنی سلطنت کے بارے میں تفصیل سے لکھیں، نیز اس دور کے اہم شعرا کا بھی تذکرہ کریں۔ (20)

سوال 4- کیا قطب شاہی دور شاعر پروری کا ہے؟ ادلائل دیں نیز اس دور کے دو نمائندہ شعرا پر تفصیل لکھیں۔ (20)

سوال 5- شمالی ہند میں اردو کے ابتدائی نقوش کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔ (20)